# 22115 ـ دوسرے خطبہ میں خطیب کی دعاء کے وقت ہاتھ اٹھانا

**سوال**

جب دوسرے خطبہ میں خطیب مسلمانوں کے لیے دعا کرے تو اس میں ہاتھ اٹھانے کا حکم کیا ہے، دلیل کے ساتھ بیان کریں، اللہ تعالی آپ کو اجرعظیم عطا فرمائے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

امام اور مقتدیوں کے لیے نہ تو خطبہ جمعہ میں اور نہ ہی عید کےخطبہ میں دعا کے وقت ہاتھ اٹھانا مشروع ہیں، بلکہ خطیب کا خطبہ سننا اور اس کی دعا پر بغیر آواز بلند کیے خاموشی سے آمین کہنا مشروع ہے، لیکن ہاتھ بلند کرنے مشروع نہیں.

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو خطبہ جمعہ اور نہ ہی عید کے خطبوں میں ہاتھ اٹھایا کرتے تھے.

اور بعض صحابہ کرام نے جب کچھ گورنوروں کو خطبہ جمعہ میں ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہوئے دیکھا تو انہیں اس سے منع کیا اور کہا:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو ہاتھ نہیں اٹھایا کرتے تھے"

جی ہاں جب خطبہ جمعہ میں بارش کے لیے دعا کرے تو اس حالت میں دعا میں ہاتھ اٹھاے ـ یعنی بارش کے نزول کے لیے ـ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس حالت میں ہاتھ اٹھایا کرتے تھے.

لہذا جب امام خطبہ جمعہ یا عید کے خطبہ میں بارش کے لیے دعا کرے تو اس کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے ہاتھ اٹھانے مشروع ہیں.